نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب نادچٹھہ نے رواں سال گندم کی 40 من فی ایکڑ پیداوار کے حصول کیلئے فیلڈ فارمیشنز کوٹاسک سونپ دیا

گندم کے کاشتکاروں کو فصل کے بہتر نگہداشتی اُمور بارے خصوصی راہنمائی فراہم کی جارہی ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور:13جنوری 2024(   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ امسال صوبہ پنجاب میں گندم کی کاشت 1 کروڑ 66 لاکھ ایکڑ رقبہ پر ہوئی ہے جس سے 2 کروڑ 56 لاکھ میٹرک ٹن پیداوار کا حصول متوقع ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ نے امسال گندم کی فصل سے 40 من فی ایکڑ سے زائد اوسط پیداوار کے حصول کیلئے تمام فیلڈ فارمیشنز کو خصوصی ٹاسک سونپ دیا ہے تاکہ گندم کے کاشتکاروں کو فصل کی نیوٹریشنل مینجمنٹ، آبپاشی و دیگر نگہداشتی اُمور بارے بروقت راہنمائی فراہم کی جا سکے۔اس ضمن میں کاشتکاروں کو یوریا کھاد کے غیر ضروری استعمال کے نقصانات بارے راہنمائی فراہم کی جارہی ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ رواں سال گندم کی بروقت کاشت،فاسفوری کھادوں کے استعمال اور ترقی دادہ اقسام کے بیج کے بہتر استعمال سے فصل کی صورتحال بہتر ہے۔گندم کی فصل میں نائٹروجنی کھاد کی دوسری قسط 55 تا 60 دن تک مکمل کر لینی چاہیے۔ 15 نومبر تک کاشت کی گئی گندم کی فصل میں یوریا کے استعمال میں احتیاط برتیں۔یوریا کے زیادہ استعمال سے فصل کی نباتاتی بڑھوتری میں غیر ضروری اضافہ ہو جاتا ہے اور تیز ہوا چلنے کی صورت میں فصل کے گرنے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کاشتکاروں کو آگاہ کیا جارہا ہے کہ اس مرحلہ پر گندم کی فصل کیلئے یوریا کا بے جا استعمال ہرگز نہ کریں۔

☆☆☆☆